# پاکستان ریلویز ڈویژنل آفس راولپنڈی

پاکستان ریلوے راولپنڈی ڈویژن کو درج ذیل دوکانات (مختلف سائز) لائسنس پر دینا مقصود ہیں۔

| نمبر شمار | محل وقوع | رقبہ فی دوکان | مقصد / دوکان نمبر | مدت معاہدہ | پریمیم فی دوکان | تاریخ ومقام نیلامی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آئی او ڈبلیو-2 آفس راولپنڈی | | | | | | |
| 1 | ریلوے شاپنگ سنٹر سٹیشن روڈ راولپنڈی | 100 مربع فٹ | (01 دوکان)<br>دوکان نمبر 21 | پانچ سال + پانچ سال | 278,225/- | مورخہ 24.02.2025 (10 بجے دن)<br>بمقام آئی او ڈبلیو-2 آفس راولپنڈی |
| 2 | ریلوے سی ڈی ایل شاپنگ سنٹر نمبر 01، نزد حنفیہ مسجد ڈھوک منگٹال راولپنڈی | 100 مربع فٹ | (03 دوکانات) (سیل دوکانات)<br>03, 11, 20 | پانچ سال + پانچ سال | 223،004/- | |
| 3 | ریلوے سی ڈی ایل شاپنگ سنٹر نمبر 2، نزد حنفیہ مسجد ڈھوک منگٹال راولپنڈی | 100 مربع فٹ | (02 دوکانات) (سیل دوکانات)<br>6 & 16 | پانچ سال + پانچ سال | 179،991/- | |
| 4 | ریلوے لوکو کالونی شاپنگ سنٹر نمبر 2، راولپنڈی | 100 مربع فٹ | (03 دوکانات)<br>19, 24, 25 | پانچ سال + پانچ سال | 163،191/- | |
| 5 | نزد بلاک نمبر 639، سی ڈی ایل کالونی راولپنڈی | 180 مربع فٹ | (اوپن پلاٹ) (05 دوکانات)<br>02 سے 06 | پانچ سال + پانچ سال | 810,000/- | |
| 6 | بالمقابل پاسپورٹ آفس راولپنڈی | 180 مربع فٹ | (اوپن پلاٹ) (03 دوکانات)<br>02 سے 04 | پانچ سال + پانچ سال | 810,000/- | |
| 7 | کلو میٹر 15-14/5، ترنول-فتح جنگ ریلوے سٹیشن کے درمیان | 144 مربع فٹ | (اوپن پلاٹ) (7 دوکانات)<br>01 سے 06 اور 11 | پانچ سال + پانچ سال | 648,000/- | |
| گوجر خان ریلوے سٹیشن | | | | | | |
| 8 | ریلوے شاپنگ سنٹر نمبر 1، جہلم | 100 مربع فٹ | دوکان نمبر 61 اور 111 | پانچ سال + پانچ سال | 152،260/- | مورخہ 26.02.2025 (10 بجے دن)<br>بمقام گوجر خان ریلوے سٹیشن |
| 9 | نزد لالہ موسیٰ ریلوے سٹیشن | 100 مربع فٹ | (01 دوکان) (سیل دوکان)<br>دوکان نمبر 06 | پانچ سال + پانچ سال | 275،556/- | |
| ملکوال ریلوے سٹیشن | | | | | | |
| 10 | ریلوے شاپنگ سنٹر نمبر 1، ملکوال ریلوے سٹیشن | 100 مربع فٹ | (09 دوکانات) (سیل دوکانات)<br>7, 13, 18, 22, 26, 28, 30, 37، 40 | پانچ سال + پانچ سال | 285,119/- | مورخہ 05.03.2025 (11 بجے دن)<br>بمقام ملکوال ریلوے سٹیشن |
| 11 | ریلوے شاپنگ سنٹر نمبر 1، ملکوال ریلوے سٹیشن | 100 مربع فٹ | (07 دوکانات) (سیل دوکانات)<br>10, 11, 12, 15, 20, 23, 29 | پانچ سال + پانچ سال | 285,119/- | |
| 12 | ریلوے شاپنگ سنٹر نمبر 2، ملکوال ریلوے سٹیشن | 100 مربع فٹ | (03 دوکانات) (سیل دوکانات)<br>دوکان نمبر 3-A, 6-A, 10 | پانچ سال + پانچ سال | 342,276/- | |
| 13 | ریلوے شاپنگ سنٹر نمبر 2، ملکوال ریلوے سٹیشن | 100 مربع فٹ | (02 دوکانات) (سیل دوکانات)<br>2/A, 4/A | پانچ سال + پانچ سال | 342,276/- | |
| 14 | ریلوے شاپنگ سنٹر نزد لیول کراسنگ نمبر 68، ملکوال ریلوے سٹیشن | 180 مربع فٹ | (اوپن پلاٹ) (12 دوکانات)<br>01 سے 12 | پانچ سال + پانچ سال | 810,000/- | |
| 15 | ریلوے شاپنگ سنٹر بھلوال | 100 مربع فٹ | (01 دوکان) (سیل دوکان)<br>دوکان نمبر 03 | پانچ سال + پانچ سال | 96,800/- | |

# شرائط و ضوابط برائے نیلامی

1۔ نیلامی شروع ہونے سے قبل راولپنڈی میں ہر شرکت کنندہ کو ہر دوکان کے لئے -/10،000 روپے شرکت فیس (نا قابل واپسی) اور گوجر خان اور ملکوال میں ہر شرکت کنندہ کو -/5،000 روپے شرکت فیس (نا قابل واپسی) اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی آکشن کمیٹی کے پاس جمع کروانی ہو گی۔

2۔ ہر دوکان کے لئے بولی دہندہ کو مبلغ -/100،000 (ایک لاکھ) روپے کی سی ڈی آر (کال ڈیپازٹ ریسیپٹ) جو کہ کسی بھی مجاز بینک کی جاری کردہ ہو، فی دوکان بطور بڈ سیکیورٹی بحق ڈویژنل اکاؤنٹ آفیسر پاکستان ریلوے راولپنڈی کے نام پر موقع پر جمع کروانا ہو گی۔ تاہم ناکام بولی دہندگان کو بڈ سیکیورٹی کی سی ڈی آر موقع پر ہی واپس کر دی جائے گی۔

3۔ دوکانات کے کرایہ کا اعلان موقع پر کیا جائے گا اور کرایہ ہر سال 10٪ (@ کمپاؤنڈ انٹرسٹ) بڑھایا جائے گا۔

4۔ ہر دوکان کے لئے الگ بولی دینا ہو گی جس کا پریمیم فکس ہو گا اور زیادہ سے زیادہ کرائے کی بنیاد پر جانچی جائے گی۔

5۔ نیلامی کے لئے مخصوص دوکانوں کی تعداد میں موقع پر کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ 5

6۔ آکشن کے بعد تعمیر شدہ دوکانات کا سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ پیش کردہ پریمیم کا 40 فیصد موقع پر ریلوے خزانے میں جمع کروانے کا پابند ہو گا اور باقی 60 فیصد مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد جمع کروانا ہو گا اور نئی دوکانات کا سب سے زیادہ بولی دہندہ پیش کردہ پریمیم کا 50 فیصد موقع پر ریلوے خزانے میں جمع کروانے کا پابند ہو گا اور باقی 50 فیصد مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد جمع کروانا ہو گا۔ بصورت دیگر ان کی منظوری کینسل / ختم کر دی جائے گی اور بڈ سیکیورٹی بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

7۔ دوکانات کی سیکیورٹی کی رقم 06 ماہ کے کرائے کے برابر ہو گی جو کہ بولی کی منظوری کے بعد جمع کروانی ہو گی۔

8۔ سیکیورٹی کے علاوہ کرایہ کے طور پر 06 ماہ کا کرایہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 14 دن کے اندر ایڈوانس جمع کروانا ہو گا۔ بصورت دیگر 40 فیصد پریمیم بغیر کسی نوٹس کے پاکستان ریلویز کے حق میں ضبط ہو جائے گا اور مطلوبہ دوکان دوبارہ آکشن کی جائے گی۔

9۔ لائسنس کا عرصہ پورا ہونے پر دوکان کا قبضہ پاکستان ریلوے واپس لے گا اور دوکان کی دوبارہ نیلامی ہو گی۔

10۔ دوکانوں کا قبضہ تمام واجبات کی ادائیگی، تکمیل معاہدہ اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔

11۔ دوکانوں کی چھت اور فرنٹ کی جگہ کو استعمال کی اجازت نہیں ہو گی نہ ہی لائسنسی دوکان میں بغیر اجازت کسی قسم کی تبدیلی کا مجاز ہو گا۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے پہلے دوکان کا کرایہ دار (لائسنسی) تصور نہ ہو گا۔

13۔ لائسنسی دوکان کے حقوق مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بغیر کسی اور کے نام منتقل نہیں کر سکے گا۔

14۔ حکومتِ پاکستان کی پالیسی اور قوانین کے مطابق دوکان کو اشیاء کی خرید و فروخت کے علاوہ دیگر کسی بھی ممنوعہ اشیاء یا غیر قانونی مقاصد کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

15۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے طور پر گیس، بجلی، ٹیلی فون وغیرہ کے کنکشن کا ذمہ دار ہو گا تاہم ریلوے انتظامیہ اس مقصد کے لئے ناقابل اعتراض سرٹیفیکیٹ (این او سی) جاری کرے گی۔

16۔ سرکاری ملازم نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہو گا تاہم سرکاری ادارے حصہ لینے کے اہل ہیں۔

17۔ کرائے کی مد میں واجب الادا رقم والے افراد کو نیلامی میں شرکت کی اجازت نہیں ہے۔

18۔ کامیاب بولی دہندہ پیش کردہ کرائے کی بولی کا 10٪ بطور ود ہولڈنگ ٹیکس مجاز اتھارٹی کو ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

19۔ بولی دہندہ لائسنس کی جگہ کی مناسبت بمطابق بیان کردہ مقصد کا خود ذمہ دار ہو گا۔ اس ضمن میں محل وقوع، جگہ کے ملاحظہ اور مزید معلومات کے لئے نیچے دیئے گئے پتہ یا آئی او ڈبلیو-2 راولپنڈی، آئی او ڈبلیو جہلم، آئی او ڈبلیو ملکوال اور اے آئی او ڈبلیو انچارج فتح جنگ اور اے آئی او ڈبلیو انچارج لالہ موسیٰ پاکستان ریلوے کے دفتر سے رجوع کریں۔

20۔ مندرجہ بالا معلومات پاکستان ریلوے کی ویب سائیٹ (www.pakrail.gov.pk) اور PPRA کی ویب سائیٹ (www.ppra.org.pk) پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔

21۔ آکشن سے پہلے دکان کے راستے کا معائنہ کیا جا سکتا ہے۔ مطلوبہ دکان تک رسائی کی ذمہ داری بولی دہندہ کی اپنی ہو گی۔ اس ضمن میں ریلوے انتظامیہ کسی عذر کی ذمہ دار نہ ہو گی۔

22۔ دوکان کا قبضہ دیتے وقت سائیٹ کے مطابق پیمائش کم و بیش ہو سکتی ہے۔

23۔ پاکستان ریلوے انتظامیہ کسی بھی وقت آکشن / لائسنس کو کینسل کر سکتی ہے۔

ثناء اللہ
ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی اینڈ لینڈ
برائے، ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ، پاکستان ریلوے راولپنڈی
فون نمبر: 051-9273267